ناشر ترتیب و تزئین موسیٰ ابو خالد الصدیقی

سلسلہ اشاعت دُرُود شریف نمبر 30

کتاب کا نام ★ بشائر الخیرات

مُصنّف ★ سیدنا شیخ عبد القادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ

ناشر ★ موسیٰ ابو خالد صدیقی

سنِ اشاعت ★ ۱۵ر رمضان المبارک ۱۴۳۰ھ مطابق 2009-9-5

تعداد اشاعت ★ دس ہزار 10000

کتاب ملنے کا پتہ

موسیٰ ایکسپورٹ انٹرپرائزس

پہلی منزل لین اسٹیٹ عابد روڈ حیدرآباد ۵۰۰۰۰۱

23387500, 66627625

Website : www.ishaatdurud.com

عرض ناشر

میں اکیلا ہی چلا تھا جانبِ منزل مگر
لوگ آتے گئے اور کارواں بنتا گیا

اشاعت دُرودِ شریف (بلا ھدیہ)
21 سال سے درود شریف کے کتابوں کی بلا ہدیہ تقسیم

ساری دنیا کے مسلمان یہ بات اچھی طرح جانتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کے بعد جو مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے وہ کسی دوسرے کا نہیں ہو سکتا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی جسمانی روحانی، اخلاقی، تعلیمی، مذہبی، معاشرتی، ثقافتی تہذیبی و تمدنی غرض دین و دنیا کے ہر شعبہ میں مکمل ایسی ذات گرامی ہے جن کو اللہ تعالیٰ نے صفات آدم، شجاعت نوح، حلم ابراہیم، لسانِ اسمٰعیل، وقار اسحاق، فصاحت صالح، حکمت لقمان، بشارت یعقوب، جمالِ یوسف، صبرِ ایوب، قوت موسیٰ، تسبیح یونس، جہاد یوشع عطا فرمایا اور تمام انبیاء کی صفات کو حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا عکس بنادیا۔

اللہ تعالیٰ نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے نور سے پیدا فرما کر دین و دنیا کے ہر شعبہ میں مکمل ایسا نمونہ بنایا

ہے کہ قیامت تک کوئی ایسا دوسرا نمونہ نہیں مل سکتا
حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اور عظمت پر جتنا بھی
کہا جائے، لکھا جائے اور سمجھا جائے کم ہے۔ شریعت، طریقت
حقیقت اور معرفت کے علاوہ ظاہر و باطن کے تمام رموز حضور
صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی میں اللہ تعالیٰ نے رکھے
ہیں اب یہ اپنے اپنے نصیب کی بات ہے کہ کس نے کہاں
تک رسائی حاصل کی ہم مسلمان اتنا تو کر سکتے ہیں کہ اگر
نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی کے بارے میں کوئی
بات اگر معلوم نہ ہو تو خاموش تو رہ سکتے ہیں محض بحث و
تکرار کر کے اپنے جذبہ ایمان کو گھٹانا دانش مندی نہیں۔

قیام سعودی عرب کے دوران ۱۹۸۷ء میں میری
ملاقات مدینۃ المنورہ میں مرحوم جناب میر محی الدین صاحب سے
ہوئی تھی انہوں نے درود شریف کی کتاب اوائل الخیرات
یہ کہتے ہوئے مجھے دیا تھا کہ یہ بہت بابرکت کتاب ہے اس کتاب
کو نہ صرف پڑھو بلکہ طبع کروا کر دوسروں میں تقسیم کرو یہ ملاقات
اشاعت درود شریف کی بنیاد کا موجب ہوئی اور ۱۹۸۸ء سے
باضابطہ اشاعت کا سلسلہ جاری ہے۔ اور انشاء اللہ آئندہ
بھی جاری رہے گا۔

گذشتہ 21 برسوں میں اوائل الخیرات، بشائر
الخیرات، دلائل الخیرات، گلدستہ نعت، اورادِ قادریہ،

دلائل النور، فضائل درود شریف اور قصیدہ بردہ شریف کی کتابیں ساری دنیا میں بلا ہدیہ تقسیم کی گئیں۔ درود شریف کی ویب سائٹ www.ishaatdurud.com انٹرنیٹ پر دستیاب ہے۔ جس کا آغاز ۲۰۰۱ء سے ہوا اس وقت انٹرنیٹ پر اوائل الخیرات، بشائر الخیرات، دلائل النور، گلدستہ نعت اور قصیدہ بردہ شریف دستیاب ہیں

بشائر الخیرات شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی مشہور تصنیف ہے جو اس بار دس ہزار کی تعداد میں طبع کروائی جارہی ہے آپ سے تمام سے التماس ہے کہ درود شریف کی کتابوں کا زیادہ سے زیادہ مطالعہ کیجئے دوسروں تک کتابیں پہنچایئے اشاعت کے کام میں خود حصہ لیجئے اور دوسروں کو حصہ لینے کی ترغیب دیجئے اور اپنے بچوں کو زیادہ سے زیادہ درود شریف پڑھنے اور نعت سیکھنے کی ترغیب دیجئے۔

میں جناب مفتی محمد عظیم الدین صدر مفتی جامعہ نظامیہ اور جناب سید اسحاق پاشاہ کامل کا شکر گزار ہوں جنھوں نے اس کتاب کی تصحیح فرمائی
اللہ سے دعا ہے کہ ہم تمام مسلمانوں کے دلوں کو اور آنے والی نسلوں کو عشق محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے منور کردے۔

امید بحرمت طٰہٰ و یٰسین

ناچیز
موسیٰ ابو خالد صدیقی
ناشر اشاعت درود شریف

JEDDAH
SAUDI ARABIA
بتاریخ: 5-9-2009
مطابق ۱۵ رمضان المبارک ۱۴۳۰ھ

إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ
يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ

الأحزاب ٥٦

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا

بیشک اللہ اور اُس کے فرشتے
درود بھیجتے ہیں اس غیب بتانے والے (نبی) پر
اے ایمان والو ! ان پر درود اور خُوب سلام بھیجو۔

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ
وَعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى
سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى
سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ

فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ

وَصَلِّ عَلٰی قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ مَا فِیْ جَمِیْعِ الْقُرْاٰنِ

حَرْفًا حَرْفًا وَّبِعَدَدِ كُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ

النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ عَلَیْهِ السَّلَامُ

صَلَّی اللّٰهُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِهٖ

صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

صَلٰوةً وَّسَلَامًا عَلَیْكَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

دُرُود کی فضیلت

حضرت ابی ابن کعبؓ

فرماتے ہیں کہ میں حضورِ اکرمؐ سے عرض کیا کہ میں آپؐ پر
کثرت سے درود پڑھنا چاہتا ہوں، اب آپؐ بتلا دیجئے کہ اپنے
لئے دعا کے واسطے جو وقت میں نے مقرر کیا ہے اس میں سے کتنا
وقت آپؐ پر درود بھیجنے کیلئے مخصوص کروں ! آپنے فرمایا کہ جس قدر تمہارا
جی چاہے۔ میں نے عرض کیا ! کیا چوتھائی (وقت مقرر کروں) آپنے فرمایا
جتنا تمہارا جی چاہے اور اگر زیادہ وقت مقرر کرو تو تمہارے لئے بہتر ہے میں
نے عرض کیا آدھا وقت مقرر کردوں فرمایا جتنا تمہارا جی چاہے اور اگر زیادہ مقرر
کرو تو تمہارے لیے بہتر ہے میں نے عرض کیا! تو پھر دو تہائی مقرر کردوں آپؐ نے فرمایا
کہ جس قدر تمہارا جی چاہے اور اگر زیادہ مقرر کرو تو تمہارے لئے بہتر ہے میں نے عرض کیا!
اچھا تو پھر میں اپنی دعاء کا سارا وقت ہی آپؐ کے درود کے واسطے
کئے دیتا ہوں آپؐ نے فرمایا یہ تمہیں کفایت کرے گا تمہارے
دین و دنیا کے مقاصد کو پورا کرے گا۔ اور تمہارے گناہ
معاف ہو جائیں گے

ترمذی شریف

فضائلِ بشائرُ الخیرات

تمام تعریف اس اللہ کے لئے ہے جس نے ہم کو دولتِ ایمان سے سرفراز فرما کر ہم پر احسان کیا اور بہر وقت و بہر زماں درود سلام سرورِ دو جہاںؐ، آپؐ کی آل رضؓ اور اصحاب پر ۔

(امابعد) شیخ الاُمت امام الائمہ سید النجباء قطب الاقطاب غوث اعظم ملاذ اکرم سید عبدالقادر جیلانی رضؓ سے روایت ہے کہ آپ رضؓ نے اپنے بعض اخوان فی دین اللہ تعالیٰ سے فرمایا کہ مجھ سے درود لے لو جسے میں نے بذریعہ الہام اللہ تعالیٰ سے پایا ہے ۔ میں نے اس کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر پیش کیا اور ارادہ کیا آپؐ سے اس کی فضیلت دریافت کروں لیکن میرے سوال کرنے کے پیشتر ہی آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اس کی بہت فضیلت ہے جس کا احصاء ناممکن ہے ۔ اس درود کے پڑھنے والوں کے درجات بلند ہوتے ہیں اور ان کے انتہائی مقاصد پورے ہوتے ہیں اور جو کوئی اس درود کے ذریعہ کسی معاملہ کا قصد کرے تو وہ رد نہ ہوگا اور نہ وہ شخص مایوس ہوگا نہ اس کا حسن ظن باطل ہوگا نہ اس کی دعا رد ہوگی ۔ جو اس درود کو پڑھے خواہ ایک مرتبہ ہی پڑھے یا اس کو اٹھائے پھرے اللہ اس کو اور اس کی مجلس میں جو اس کے ساتھ ہو ان دونوں کو بخش دے گا ۔ اور جب اس کی موت آئے گی تو اسکے نزدیک چار فرشتے آئیں گے ۔ پہلا فرشتہ اس کے نزدیک شیطان کو آنے سے روک دے گا ۔ دوسرا فرشتہ اس کو کلمہ شہادت کی تلقین کرے گا ۔ تیسرا فرشتہ اس کو جام کوثر پلائے گا اور چوتھے

فرشتے کے ہاتھ میں سونے کا برتن ہوگا جس میں جنت کے میوے ہوں گے اور وہ اس کو جنت میں اس کے مقام کی بشارت دے گا اور کہے گا کہ اے اللہ کے بندے خوش ہوجا کہ تو نے جنت میں اپنے مقام کو چشم خود روح نکلنے سے قبل دیکھ لیا۔ یہ شخص اپنی قبر میں نہایت اطمینان فرحت اور خوشی سے داخل ہوگا اور اس میں وحشت تنگی نہ دیکھے گا۔ اس کے لئے رحمت کے چالیس دروازے کھول دیئے جائیں گے ، اس طرح اس کے لئے ابواب نور بھی کھول دیئے جائیں گے ۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ منقول ہے کہ جب آپ نے شب معراج میں رب عزّ وجل تک سیر کی تو رب عز وجل نے دریافت کیا اے محمدؐ یہ زمین کس کی ہے؟ آپؐ نے عرض کیا اے رب تیرے لئے پھر حق تعالیٰ نے سوال کیا کہ اے محمدؐ یہ حجابات کس کیلئے ہیں؟ آپؐ نے جواب دیا اے رب یہ تیرے لئے ہیں پھر اللہ نے سوال کیا کہ کرسی کس کیلئے ہے؟ اس وقت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سر بسجدہ ہوگئے اور کچھ کہنے کیلئے حیاء مانع ہوئی۔ اس موقع پر خود ربُّ العزّت نے ارشاد فرمایا کہ تو اس کے لئے ہے جو تجھ پر درود بھیجتا ہے اور تیرے شرف و بزرگی کو بڑھاتا ہے۔

بشائر الخیرات کی تلاوت سے پہلے یہ دعا پڑھیں !

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ نَوَيْتُ بِصَلَوَاتِیْ عَلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِمْتِثَالًا لِاَمْرِكَ وَتَعْظِيْمًا لِنَبِيِّكَ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَقَبَّلْهَا مِنِّیْ بِفَضْلِكَ وَاِحْسَانِكَ وَاَزِلْ حِجَابَ الْغَفْلَةِ عَنْ قَلْبِیْ وَاجْعَلْنِیْ مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِيْنَ ●

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ • اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا

سب تعریف اللہ کیلئے ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے، اے اللہ! ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر

مُحَمَّدِ نِ الْبَشِیْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْمُؤْمِنِیْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِیْمُ

درود وسلام بھیج جو مومنوں کے لئے بشیر ومبشر (خوشخبری دینے اور پہنچانے والے) ہیں، جیسا کہ عظمت والے اللہ کا ارشاد

وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِیْنَ • وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ • ع

ہے "اور مومنوں کو خوشخبری سنادو۔ اور بیشک اللہ ایمان والوں کا ثواب ضائع نہیں کرتا"

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِیْرِ الْمُبَشِّرِ

اے اللہ! ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیج جو ذکر کرنے والوں کے لئے بشیر ومبشر ہیں جیسا

لِلذّٰكِرِیْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِیْمُ فَاذْكُرُوْنِیْٓ اَذْكُرْكُمْ •

کہ عظمت والے اللہ کا ارشاد ہے "تو تم مجھے یاد کرو میں تمہارا چرچا کروں گا۔ اللہ کو بہت زیادہ یاد

اُذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِیْرًا ۙ • وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِیْلًا •

کیا کرو اور صبح وشام اس کی پاکی بیان کرتے رہو وہی ہے جو تم درود بھیجتا ہے۔ اور اس

هُوَ الَّذِیْ یُصَلِّیْ عَلَیْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ لِیُخْرِجَكُمْ مِّنَ

کے فرشتے بھی تاکہ تم کو اندھیروں سے نکال کر اجالے کی طرف لے جائے

الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ ؕ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَحِیْمًا •

اور وہ مومنوں پر مہربان ہے۔

تَحِیَّتُهُمْ یَوْمَ یَلْقَوْنَهٗ سَلٰمٌ ۚ وَّاَعَدَّ لَهُمْ اَجْرًا كَرِیْمًا •

وہ جس دن اس سے ملاقات کریں گے ان کا تحفہ سلام ہوگا اور ان کے لئے بڑا ثواب تیار

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِیْرِ الْمُبَشِّرِ

رکھا ہے۔ اے اللہ! ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیج جو عمل کرنے والوں کیلئے بشیر ومبشر ہیں

لِلْعَامِلِیْنَ بِمَا قَالَ اللّٰہُ الْعَظِیْمُ اَنِّیْ لَآ اُضِیْعُ

جیسا کہ عظمت والے اللہ کا ارشاد ہے۔ "یہ کہ میں تم میں سے مرد ہو کہ عورت کسی عامل کا

عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْکُمْ مِّنْ ذَکَرٍ اَوْ اُنْثٰی ج وَمَنْ عَمِلَ

عمل ضائع نہیں کروں گا" اور مرد ہو کہ عورت جو بھی نیک کام کرے اور

صَالِحًا مِّنْ ذَکَرٍ اَوْ اُنْثٰی وَھُوَ مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِکَ

مومن ہو تو یہ لوگ جنت میں داخل ہوں گے وہاں بے حساب

یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّۃَ یُرْزَقُوْنَ فِیْھَا بِغَیْرِ حِسَابٍ ۔

رزق دیئے جائیں گے۔"

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِیْرِ الْمُبَشِّرِ

اے اللہ! ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیج جو رجوع کرنے والوں

لِلْاَوَّابِیْنَ بِمَا قَالَ اللّٰہُ الْعَظِیْمُ فَاِنَّہٗ کَانَ لِلْاَوَّابِیْنَ

کے لئے بشیر ومبشر ہیں جیسا کہ عظمت والے اللہ کا ارشاد ہے" تو بے شک وہ رجوع کرنے

غَفُوْرًا ۔ لَھُمْ مَّا یَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّھِمْ ط ذٰلِکَ

والوں کو بخشنے والا ہے اپنے پروردگار کے پاس جو چاہے ان کے لئے ہے۔

جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِیْنَ ج ۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی

محسنوں کا یہی صلہ ہے" اے اللہ! ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِیْرِ الْمُبَشِّرِ لِلتَّوَّابِیْنَ بِمَا قَالَ اللّٰہُ الْعَظِیْمُ

سلام بھیج جو بہت توبہ کرنے والوں کیلئے بشیر ومبشر ہیں جیسا کہ عظمت والے اللہ کا ارشاد

اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ وَیُحِبُّ الْمُتَطَھِّرِیْنَ ۔

ہے" بے شک اللہ بہت توبہ کرنے والوں کو اور پاکی کرنے والوں کو دوست رکھتا ہے!

وَھُوَ الَّذِیْ یَقْبَلُ التَّوْبَۃَ عَنْ عِبَادِہٖ وَیَعْفُوْا عَنِ

اور وہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور برائیوں کو معاف کرتا ہے۔ اے اللہ ہمارے

السَّيِّاٰتِ • اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیج جو مخلصوں کے لئے بشیر و مبشر ہیں۔ جیسا کہ

الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْمُخْلِصِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ فَمَنْ

عظمت والے اللہ کا ارشاد ہے، پس جو کوئی اپنے پروردگار سے ملاقات کی امید رکھتا

كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ

تو اسے چاہیئے کہ نیک کام کرے اور پروردگار کی عبادت میں کسی کو بھی شریک

بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا • مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ • اَللّٰهُمَّ

نہ کرے۔ اس کے دین کے لئے خالص بن کر، اے اللہ!

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْمُصَلِّيْنَ بِمَا

ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیج جو نماز پڑھنے والوں کیلئے بشیر و مبشر ہیں

قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ ؕ اِنَّ الصَّلٰوةَ تَنْهٰى عَنِ

جیسا کہ عظمت والے اللہ کا ارشاد ہے۔ "اور نماز قائم کر۔ بے شک نماز بے حیائی اور بری بات سے

الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْكَرِ ؕ اَقِمِ الصَّلٰوةَ وَاْمُرْ بِالْمَعْرُوْفِ وَانْهَ

منع کرتی ہے۔ نماز قائم کر اور بھلائی کا حکم دے اور برائی سے منع کر اور تجھ پر جو افتاد پڑے اس پر صبر

عَنِ الْمُنْكَرِ وَاصْبِرْ عَلٰى مَآ اَصَابَكَ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ مِنْ

کر بے شک یہ ہمت کے کام ہیں۔" اے اللہ! ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود

عَزْمِ الْاُمُوْرِ ج • اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

وسلام بھیج جو عاجزی کرنے والوں کے لئے بشیر و مبشر ہیں جیسا کہ عظمت والے اللہ کا

مُحَمَّدِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْخٰشِعِيْنَ • بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ

ارشاد ہے " اور صبر و نماز کے ساتھ مدد چاہو اور بے شک

وَاسْتَعِيْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى

وہ ضرور بھاری ہے (مگر) ان پر بھاری نہیں جو عاجزی کرنے والے ہیں۔

الْخٰشِعِيْنَ ۙ ۞ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ

وہ لوگ جانتے ہیں کہ انھیں اپنے پروردگار سے ملنا ہے اور یہ کہ وہ اسی کی طرف لوٹنے

وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ۚ ۞ اَلَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيٰمًا

والے ہیں۔ وہ لوگ جو کھڑے ہوئے، بیٹھے ہوئے اور اپنے کروٹوں پر لیٹے ہوئے اللہ

وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ

کی یاد کرتے ہیں اور آسمانوں اور زمین کی پیدائش پر غور کرتے ہیں۔ اے ہمارے

وَالْاَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا

پروردگار! تونے یہ بیکار نہیں پیدا کیا۔ تو پاک ہے تو ہمیں دوزخ کے عذاب

عَذَابَ النَّارِ ۞ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

سے بچالے" اے اللہ! ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم بھیج جو صبر کرنیوالوں

مُحَمَّدِ ِالْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلصّٰبِرِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ اِنَّمَا

کیلئے بشیر و مبشر ہیں جیسا کہ عظمت والے اللہ کا ارشاد ہے۔" صبر کرنیوالوں کو ہی ان کا

يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۞ اُولٰٓئِكَ

بھرپور ثواب بے حساب دیا جائے گا۔ یہ وہی

الَّذِيْنَ هَدٰىهُمُ اللّٰهُ وَاُولٰٓئِكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۞

لوگ ہیں جنھیں اللہ نے ہدایت فرمائی اور یہ لوگ وہی ہیں جن کو عقل ہے۔"

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِالْبَشِيْرِ

اے اللہ! ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیج جو ڈرنے والوں کیلئے بشیر و

الْمُبَشِّرِ لِلْخَائِفِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ وَلِمَنْ خَافَ

مبشر ہیں جیسا کہ عظمت والے اللہ کا ارشاد ہے۔" اور جو اپنے پروردگار کے حضور

مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ۚ ۞ وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ

کھڑے ہونے سے ڈرا اور نفس کو خواہش سے روکا تو بے شک

وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ۙ• فَاِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ؕ•

جنت ہی ٹھکانہ ہے"

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

اے اللہ! ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیج جو پرہیزگار لوگوں کیلئے بشیر ومبشر

لِلْمُتَّقِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ

ہیں جیسا کہ عظمت والے اللہ کا ارشاد ہے۔ "اور میری رحمت نے ہر چیز کو سما لیا تو عنقریب میں

شَيْءٍ ؕ فَسَاَكْتُبُهَا لِلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ وَيُؤْتُوْنَ الزَّكٰوةَ وَالَّذِيْنَ

ان کے لئے لکھ دونگا جو پرہیزگاری کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں ۔ اور جو ہماری آیتوں

هُمْ بِاٰيٰتِنَا يُؤْمِنُوْنَ ۚ• اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ

پر ایمان لاتے ہیں، وہ لوگ جو رسول نبی امی کی پیروی کرتے ہیں۔ ان کے لئے

الْاُمِّيَّ • لَهُمْ جَزَآءُ الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا وَهُمْ فِي الْغُرُفٰتِ

ان کے عمل کا بدلہ دوگنا صلہ ہے اور وہ بالاخانوں میں امن وامان سے ہیں" اے اللہ

اٰمِنُوْنَ • اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ

ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیج جو عاجزی کرنیوالوں کے لئے بشیر

الْمُبَشِّرِ لِلْمُخْبِتِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ وَبَشِّرِ الْمُخْبِتِيْنَ ۙ•

ومبشر ہیں جیسا کے عظمت والے اللہ کا ارشاد ہے" اور عاجزی کرنیوالوں کو خوشخبری

الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ • وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَا

سنا دو کہ جب اللہ کی یاد کی جاتی ہے تو ان کے دل ڈرنے لگتے ہیں ۔ اور وہ

اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ۙ•

لوگ جنھیں کچھ دیا گیا ہے وہ دیتے ہیں اور ان کے دل اس سے ڈرتے ہیں کہ انھیں اپنے پروردگار کی طرف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

لوٹ کر جانا ہے" اے اللہ! ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیج جو صبر کرنیوالوں کیلئے بشیر ومبشر

لِلصَّابِرِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ ۙ ۝

ہیں جیسا کہ عظمت والے اللہ کا ارشاد ہے " اور ان صبر کرنیوالوں کو خوشخبری سنا دو کہ جب

الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ

ان پر کوئی مصیبت پڑے تو کہیں بیشک ہم اللہ کے لئے ہیں اور بے شک ہمیں اللہ کی طرف

رٰجِعُوْنَ ؕ ۝ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ ۟

لوٹ کر جانا ہے یہی وہ لوگ ہیں جن پر ان کے پروردگار کے درودیں اور رحمت ہے۔ اور یہی

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ۝ اِنِّيْ جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا

لوگ ہدایت یافتہ ہیں۔ بے شک آج میں نے ان کے صبر کا انھیں یہ بدلہ دیا کہ وہی

صَبَرُوْٓا ۙ اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

مراد پانے والے ہیں۔ اے اللہ! ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْكٰظِمِيْنَ بِمَا قَالَ

پر درود وسلام بھیج جو غصہ کو پی جانے والوں کے لئے بشیر و مبشر ہیں جیسا کہ عظمت والے اللہ

اللّٰهُ الْعَظِيْمُ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ

کا ارشاد ہے " اور غصہ کو پی جانے والے اور لوگوں کو معاف کرنیوالے کر اللہ احسان کرنیوالوں

النَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۚ ۝ فَمَنْ عَفَا وَاَصْلَحَ

کو دوست رکھتا ہے، جس نے معاف کیا اور صلح کی تو اس کا ثواب اللہ پر ہے ۔

فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

بے شک وہ ظالموں کو دوست نہیں رکھتا" اے اللہ! ہمارے

وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْمُحْسِنِيْنَ بِمَا

سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیج جو نیکی کرنیوالوں کے لئے بشیر و مبشر ہیں جیسا

قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ وَاَحْسِنُوْا ۚ اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

کہ عظمت والے اللہ کا ارشاد ہے ۔ اور نیکی کرو بے شک اللہ نیکی کرنیوالوں کو دوست رکھتا ہے

مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا ج وَمَنْ جَآءَ

جو ایک نیکی لے آئے تو اس کے لیے اس جیسی دس (نیکیاں) ہیں اور جو برائی

بِالسَّيِّئَةِ فَلَا يُجْزٰٓى اِلَّا مِثْلَهَا وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ •

لے آئے تو اس کو صرف اس کے برابر ہی بدلہ دیا جائے گا اور ان پر ظلم نہ ہوگا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

اے اللہ! ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیج جو صدقہ دینے والوں کیلئے بشیر و مبشر

لِلْمُتَصَدِّقِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ

ہیں جیسا کہ عظمت والے اللہ کا ارشاد ہے۔" اور یہ کہ صدقہ دینا تمہارے لیے بہتر

لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ • اِنَّ اللّٰهَ يَجْزِى الْمُتَصَدِّقِيْنَ •

ہے اگر تم جانو۔ بے شک اللہ صدقہ دینے والوں کو صلہ دیتا ہے" اے اللہ! ہمارے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْمُنْفِقِيْنَ

سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیج جو خرچ کرنے والوں کے لئے بشیر و مبشر ہیں جیسا کہ

بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ • لا وَمَآ

عظمت والے اللہ کا ارشاد ہے" اور ہماری دی ہوئی روزی میں سے وہ خرچ کرتے ہیں - اور جو

اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهٗ • اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

چیز کہ تم خرچ کرتے ہو اس کے بدلے وہ اور دیگا" اے اللہ! ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلشَّاكِرِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ

پر درود و سلام بھیج جو شکر کرنیوالوں کیلئے بشیر و مبشر ہیں جیسا کہ عظمت والے اللہ کا ارشاد ہے۔

الْعَظِيْمُ وَاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ •

اور اللہ کی نعمت کا شکر کرو، اگر تم اس کی عبادت کرتے ہو۔ اگر تم شکر کرو گے تو میں تمہیں

لَئِنْ شَكَرْتُمْ لَاَزِيْدَنَّكُمْ وَلَئِنْ كَفَرْتُمْ اِنَّ عَذَابِىْ لَشَدِيْدٌ •

اور زیادہ دوں گا اور اگر تم ناشکری کرو گے تو بے شک میرا عذاب سخت ہے"

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

اے اللہ! ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیج جو مانگنے والوں کیلئے بشیر و مبشر ہیں

لِلسَّآئِلِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ اُجِيْبُ

جیسا کہ عظمت والے اللہ کا ارشاد ہے "تو بیشک میں نزدیک ہوں جب وہ پکارے تو پکارنیوالے

دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ • اُدْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ • اَللّٰهُمَّ

کی دعاء کو میں قبول کرتا ہوں۔ مجھ سے دعا کرو میں تمہارے لئے قبول کروں گا۔ اے اللہ!

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلصَّالِحِيْنَ

ہمارے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیج جو نیک لوگوں کے لیے بشیر و مبشر ہیں جیسا کہ

بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ •

عظمت والے اللہ کا ارشاد ہے " یہ کہ اس زمین کے وارث میرے نیک بندے

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوَارِثُوْنَ • الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ هُمْ

ہوں گے یہی لوگ ہیں کہ فردوس کی میراث پائیں گے۔ وہ ہمیشہ اسی میں

فِيْهَا خٰلِدُوْنَ • اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

رہنے والے ہیں۔ اے اللہ ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیج جو نیکی

نِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْمُحْسِنِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ اِنَّ اللّٰهَ وَ

کرنے والوں کے لیے بشیر و مبشر ہیں۔ جیسا کہ عظمت والے اللہ کا ارشاد ہے بیشک اللہ اور اسکے فرشتے نبی پر

مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا

درود بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والو! ان پر درود اور خوب سلام بھیجو

عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا • يُؤْتِكُمْ كِفْلَيْنِ مِنْ رَّحْمَتِهٖ وَ

وہ تمہیں رحمت کے دو حصے عطا فرمائے گا اور تمہارے لئے روشنی

يَجْعَلْ لَّكُمْ نُوْرًا تَمْشُوْنَ بِهٖ وَيَغْفِرْ لَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ

کر دے گا۔ جس میں تم چلو گے اور تمہیں بخش دے گا اور اللہ

رَحِيْمٌ • اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ

بخشنے والا مہربان ہے" اے اللہ! ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود

الْمُبَشِّرِ لِلْمُبَشِّرِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

وسلام بھیج جو خوشخبری پہنچانے والوں کے لیے بشیر و مبشر ہیں جیساکہ عظمت والے اللہ کا ارشاد ہے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ • لَهُمُ الْبُشْرٰى فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِى

اور جو ایمان لائے اور نیک کام کئے ان کو خوشخبری دے" دنیا کی زندگی میں اور آخرت میں ان

الْاٰخِرَةِ ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ؕ

کے لیے خوشخبری ہے اللہ کی باتیں بدل نہیں سکتیں، یہی بڑی کامیابی ہے۔ اے اللہ ہمارے سردار

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیج جو مراد پانے والوں کے لیے بشیر و مبشر ہیں جیساکہ عظمت والے

لِلْفَائِزِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

اللہ کا ارشاد ہے" اور جو اللہ کی اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرے اس

فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا • اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

نے بڑی کامیابی پائی۔ اے اللہ! ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام

مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلزَّاهِدِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ اَلْمَالُ

بھیج جو پرہیزگاروں کے لیے بشیر و مبشر ہیں جیساکہ عظمت والے اللہ کا ارشاد ہے۔" مال

وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ

اور بیٹے دنیاوی زندگی کی زینت ہیں اور نیکیاں جو باقی رہنے والی ہیں۔

عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ اَمَلًا • اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

وہ ثواب میں تمہارے پروردگار کے یہاں بہتر ہیں اور امید میں سب سے

مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْاُمِّيِّيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ

بھلی ہیں" اے اللہ! ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیج جو بے پڑھے

كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ

لکھے لوگوں کے لئے بشیر و مبشر ہیں جیسا کہ عظمت والے اللہ کا ارشاد ہے" لوگوں میں ظاہر ہوئی

وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ • اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

سب امتوں میں تم بہتر ہو بھلائی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے منع کرتے ہو" اے اللہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم

مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْمُصْطَفِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ

پر درود و سلام بھیج جو برگزیدہ لوگوں کے لیے بشیر و مبشر ہیں جیسا کہ عظمت والے اللہ کا ارشاد

ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا ج

ہے" پھر ہم نے کتاب کا وارث ان لوگوں کو کیا جنہیں ہم نے اپنے بندوں میں برگزیدہ بنایا تو ان

فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ج وَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ج وَمِنْهُمْ سَابِقٌ

میں سے کسی نے اپنی جان پر ظلم کیا اور ان میں کوئی میانہ روی پر ہے اور ان میں

بِالْخَيْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ط ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ •

کوئی اللہ کے حکم سے بھلائیوں پر سبقت لے گیا۔ یہی بڑا فضل ہے" اے اللہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ

ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیج جو گناہ گاروں کے لیے بشیر و مبشر ہیں

لِلْمُذْنِبِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ

جیسا کہ عظمت والے اللہ کا ارشاد ہے" تم کہدو اے میرے وہ بندو جنہوں نے اپنی جانوں

اَسْرَفُوْا عَلٰى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ط اِنَّ اللّٰهَ

پر زیادتی کی اللہ کی رحمت سے ناامید مت ہو۔ بے شک اللہ سارے گناہوں کو

يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ط اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ • اَللّٰهُمَّ

بخشتا ہے۔ بے شک وہی بخشنے والا مہربان ہے"! اے اللہ ہمارے سردار

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْمُسْتَغْفِرِيْنَ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیج جو بخشش مانگنے والوں کے لیے بشیر و مبشر ہیں جیسا کہ عظمت والے

بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ

اللہ کا ارشاد ہے" اور جو کوئی برائی کرے یا اپنی جان پر ظلم کرے پھر اللہ سے بخشش چاہے

ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ۝ اَللّٰهُمَّ

تو وہ اللہ کو بخشنے والا مہربان پائے گا۔" اے اللہ! ہمارے سردار محمد

صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْمُقَرَّبِيْنَ

صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیج جو قرب حاصل کرنے کے لیے بشیر و مبشر ہیں جیسا کہ

بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ اِنَّ الَّذِيْنَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنَّا الْحُسْنٰٓى

عظمت والے اللہ کا ارشاد ہے " بے شک وہ لوگ جن کے لیے بھلائی کا ہمارا وعدہ

اُولٰٓئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُوْنَ ۝ لَا يَسْمَعُوْنَ حَسِيْسَهَا

پہلے ہو چکا وہ لوگ اس (جہنم) سے دور رکھے گئے ہیں۔ اس کا کھٹکا نہیں سنیں گے اور وہ

وَهُمْ فِيْ مَا اشْتَهَتْ اَنْفُسُهُمْ خٰلِدُوْنَ ۝ لَا يَحْزُنُهُمُ

اپنی من مانی خواہشوں میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ سب سے بڑی گھبراہٹ

الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِيْ

انہیں غمگین نہ کرے گی اور فرشتے ان کے استقبال کو آئیں گے یہ دن تمہارا ہے جس کا

كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا

تم سے وعدہ کیا گیا تھا۔" اے اللہ ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود

مُحَمَّدِ نِ الْبَشِيْرِ الْمُبَشِّرِ لِلْمُؤْمِنِيْنَ بِمَا قَالَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ

وسلام بھیج جو مومنوں کے لیے بشیر و مبشر ہیں۔ جیسا کہ عظمت والے اللہ کا ارشاد ہے۔ بیشک

اِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمٰتِ وَالْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَ

مسلمان مرد اور مسلمان عورتیں مومن مرد اور مومن عورتیں اور فرمانبردار مرد اور فرمانبردار عورتیں

الْقٰنِتِيْنَ وَالْقٰنِتٰتِ وَالصّٰدِقِيْنَ وَالصّٰدِقٰتِ

سچ بولنے والے اور سچ بولنے والیاں اور صبر کرنے والے اور صبر کرنے

وَالصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰبِرٰتِ وَالْخٰشِعِيْنَ وَالْخٰشِعٰتِ وَ

والیاں، اور عاجزی کرنے والے اور عاجزی کرنے والیاں اور صدقہ دینے

الْمُتَصَدِّقِيْنَ وَالْمُتَصَدِّقٰتِ وَالصَّآئِمِيْنَ وَالصّٰٓئِمٰتِ

والے اور صدقہ دینے والیاں اور روزہ رکھنے والے اور روزہ رکھنے والیاں

وَالْحٰفِظِيْنَ فُرُوْجَهُمْ وَالْحٰفِظٰتِ وَالذّٰكِرِيْنَ اللّٰهَ

اور اپنی شرم گاہوں کی نگہبانی کرنے والے اور نگہبانی کرنے والیاں اور اللہ کو بہت

كَثِيْرًا وَّالذّٰكِرٰتِ اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ۝

یاد کرنے والے اور یاد کرنے والیاں کہ ان سب کے لیے اللہ نے بخشش اور بڑا ثواب تیار کر رکھا ہے۔

وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ۙ۝ وَاَنَّ سَعْيَهٗ سَوْفَ

اور یہ کہ انسان کو وہی ملتا ہے جسکی وہ کوشش کرتا ہے۔ اور یہ کہ اس کی کوشش عنقریب

يُرٰى ۝ ثُمَّ يُجْزٰىهُ الْجَزَآءَ الْاَوْفٰى ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَيْهِ

دیکھی جائیگی۔ پھر اس کا بھر پور بدلہ دیا جائے گا"۔ اے اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر

صَلٰوةً تَشْرَحُ بِهَا الصُّدُوْرُ وَتَهُوْنُ بِهَا الْاُمُوْرُ وَ

ایسا درود بھیج جس سے سینے کشادہ ہو جائیں اور جس سے کام آسان ہو جائیں اور جس سے

تَنْكَشِفُ بِهَا السُّتُوْرُ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا دَآئِمًا اِلٰى يَوْمِ

پوشیدہ باتیں کھل جائیں اور قیامت میں ہمیشہ کثرت سے خوب سلام بھیج

الدِّيْنِ ۝ دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ

اس میں ان کی دعاء یہ ہو گی کہ اے اللہ! تو پاک ہے اور ان کے ملنے کے وقت کی

فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

دعاء سلام ہو گی اور ان کی دعا کا خاتمہ یہ ہے کہ سب تعریف اللہ کے لیے ہے۔ جو سارے جہانوں کا پروردگار

الْعٰلَمِيْنَ ۝ ع

ہے۔

دُرُودِ تاج

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ

اے اللہ! ہمارے سردار اور ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیج جو تاج والے

التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ • دَافِعِ الْبَلَاءِ

اور معراج والے اور براق والے اور علم والے ہیں۔ جو بلا، وبا، قحط

وَالْوَبَاءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ • اِسْمُهٗ مَكْتُوْبٌ

مرض اور الم کو دور کرنے والے ہیں۔ جنکا نام مبارک لکھا ہوا،

مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ مَّنْقُوْشٌ فِی اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ • سَيِّدِ

بلند کیا ہوا لوح وقلم میں جڑا ہوا اور نقش ہے جو عرب اور عجم کے سردار ہیں ان کا

الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ • جِسْمُهٗ مُقَدَّسٌ مُّعَطَّرٌ مُّطَهَّرٌ

جسم کعبہ اور حرم میں مقدس، معطر، مطہر اور منور ہے۔ جو چاشت کے آفتاب، چودھویں

مُّنَوَّرٌ فِی الْبَيْتِ وَالْحَرَمِ • شَمْسِ الضُّحٰی بَدْرِ الدُّجٰی

کے روشن ماہتاب، بلندی کے صدر، ہدایت کے نور، مخلوق کو

صَدْرِ الْعُلٰی نُوْرِ الْهُدٰی كَهْفِ الْوَرٰی مِصْبَاحِ الظُّلَمِ

پناہ دینے والے اندھیروں کے چراغ اچھی عادت والے

جَمِيْلِ الشِّيَمِ شَفِيْعِ الْاُمَمِ • صَاحِبِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ •

تمام امتوں کی شفاعت کرنے والے، نوازش وکرم والے ہیں

وَاللّٰهُ عَاصِمُهٗ • وَجِبْرِيْلُ خَادِمُهٗ وَالْبُرَاقُ مَرْكَبُهٗ

اور اللہ تعالیٰ ان کا محافظ اور جبریل علیہ السلام ان کے خادم اور براق

وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ • وَسِدْرَةُ الْمُنْتَهٰى مَقَامُهٗ • وَقَابَ

ان کی سواری اور معراج ان کا سفر، اور سدرۃ المنتہیٰ ان کا مقام اور قاب قوسین

قَوْسَيْنِ مَطْلُوْبُهٗ • وَالْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُهٗ •

(قربِ الٰہی) ان کا مطلوب اور مطلوب ان کا مقصود اور مقصود ان کا موجود ہے۔

وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُهٗ • سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ

جو تمام رسولوں کے سردار۔ تمام نبیوں کے خاتم، گناہ گاروں کی شفاعت کرنیوالے

شَفِيْعِ الْمُذْنِبِيْنَ • اَنِيْسِ الْغَرِيْبِيْنَ رَحْمَةٍ

غریبوں سے انس رکھنے والے، تمام جہانوں کے لیے

لِّلْعٰلَمِيْنَ • رَاحَةِ الْعَاشِقِيْنَ • مُرَادِ الْمُشْتَاقِيْنَ

رحمت عاشقوں کی راحت، مشتاقوں کی مراد،

شَمْسِ الْعَارِفِيْنَ • سِرَاجِ السَّالِكِيْنَ • مِصْبَاحِ

عارفوں کے آفتاب، اللہ کی راہ میں چلنے والوں کیلئے چراغ، مقربین کے لیے

الْمُقَرَّبِيْنَ مُحِبِّ الْفُقَرَاءِ وَالْغُرَبَاءِ وَالْمَسَاكِيْنِ • سَيِّدِ

شمع فروزاں فقیروں، غریبوں اور مسکینوں سے محبت کرنے والے۔ دونوں جہاں

الثَّقَلَيْنِ • نَبِيِّ الْحَرَمَيْنِ • اِمَامِ الْقِبْلَتَيْنِ •

کے سردار دونوں حرم کے نبی، دونوں قبلوں کے امام، دارین (دنیا وعقبیٰ) میں

وَسِيْلَتِنَا فِي الدَّارَيْنِ • صَاحِبِ قَابَ قَوْسَيْنِ

ہمارے وسیلے، قاب قوسین کی شان والے

مَحْبُوْبِ رَبِّ الْمَشْرِقَيْنِ وَالْمَغْرِبَيْنِ جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ

دونوں مشرقوں اور دونوں مغربوں کے رب کے محبوب، امام حسن اور امام حسین

مَوْلَانَا وَمَوْلَى الثَّقَلَيْنِ اَبِى الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ نُوْرٍ

(رضی اللہ عنہ) کے نانا، ہمارے آقا اور دونوں جہان کے والی ہیں۔ (یعنی) ابوالقاسم محمد صلی اللہ علیہ وسلم

مِّنْ نُّوْرِ اللّٰهِ يَا اَيُّهَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِهٖ صَلُّوْا

جو حضرت عبداللہ کے فرزند اور اللہ کے نور ہیں اے انکے جمال کے نور کا اشتیاق رکھنے والو! ان پر اور ان کی

عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا •

آل پر اور انکے اصحاب پر درود بھیجو اور سلام عرض کرو جیسا کہ سلام عرض کرنے کا حق ہے۔

دُرُوْدِ تُنَجِّيْنَا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان رحمت والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

اے اللہ تعالیٰ ہمارے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کی آل پر

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تُنَجِّيْنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ

ایسی رحمت و برکت نازل فرما جس سے ہمیں تمام

الْاَهْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِىْ لَنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ

ڈر خوف اور آفتوں سے نجات ہو جائے اور جس کی برکت سے ہماری تمام

الْحَاجَاتِ وَتُطَهِّرُنَا بِهَا مِنْ جَمِيْعِ السَّيِّئَاتِ

حاجتیں روا ہو جائیں اور جس کی بدولت ہم تمام گناہوں سے پاک وصاف ہو جائیں اور

وَتَرْفَعُنَا بِهَا عِنْدَكَ أَعْلَى الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا

جس کے وسیلہ سے ہم تیری بارگاہ میں اعلیٰ درجوں پر متمکّن ہوں اور جس کے

بِهَا أَقْصَى الْغَايَاتِ مِنْ جَمِيْعِ الْخَيْرَاتِ

ذریعے ہم زندگانی کی تمام نیکیوں

فِي الْحَيَاتِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ إِنَّكَ مُجِيْبُ

اور مرنے کے بعد کی تمام اچھائیوں سے بدرجۂ غایت فائدہ حاصل کرسکیں خدائے

الدَّعْوَاتِ وَرَافِعُ الدَّرَجٰتِ وَيَا قَاضِيَ

پاک تحقیق آپ ہماری دُعاؤں کے قبول فرمانے والے ہیں اور ہمارے درجات کو بلند کرنے والے

الْحَاجَاتِ وَيَا كَافِيَ الْمُهِمَّاتِ وَيَا دَافِعَ

اے ہماری حاجتوں کو برلانے والے اور ہماری سخت مشکلات میں پوری مدد کرنے والے اور ہماری

الْبَلِيَّاتِ وَيَا حَلَّ الْمُشْكِلَاتِ أَغِثْنِي

بلاؤں کو دفع کرنے والے اے مشکلوں کے حل کرنے والے پاک پروردگار آپ میری فریاد کو

أَغِثْنِي أَغِثْنِي - يَا إِلٰهِيْ إِنَّكَ عَلٰى

پہنچیں اپنے حضور تک رسائی دیں اور میری عرض قبول فرمائیں اے معبود پاک تحقیق

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

توہی ہر چیز پر قادر ہے

Website : www.ishaatdurud.com
اشاعتِ درُودِ شریف (بلا ھدیہ)
مدحتِ رسُول صلے اللہ علیہ وسلم
ایک لامتناہی کام ہے۔ جس کی ابتداء اور انتہاء آسمانوں میں ہے۔ ہماری زندگی اور یہ دو عالم مدحتِ رسُول صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک جُزء ہے۔
جذبۂ عشق اور عقیدت سے درُود شریف پڑھئے۔
اپنے بچّوں کو نعت سکھائیے اور درُود شریف پڑھنے کی عادت ڈالئے۔
عزیز و اقارب کو درُود شریف پڑھنے کی ترغیب دیجئے۔
درود شریف کی اِشاعت میں خود حصّہ لیجئے۔
دوست احباب، عزیز و اقارب کو درُود شریف کی اشاعت کے کام کی ترغیب دیجئے۔
غلامِ نبی کا ہے یہ پیام
گھر گھر درُود اور گھر گھر سلام

World wide Free Distribution of Durud Shareef Books from last 21 Years

Website : www.ishaatdurud.com

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا أَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمِ
مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الْکَوْنَیْنِ وَالثَّقَلَیْنِ
وَالْفَرِیْقَیْنِ مِنْ عُرْبٍ وَّمِنْ عَجَمِ

یا صاحب الجمال و یا سید البشر
من وجہک المنیر لقد نور القمر
لا یمکن الثناء کما کان حقہ
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر